
# Qualified Health Plan
# ایک نظر میں

nystateofhealth
The Official Health Plan Marketplace



**ہم سے رابطہ کریں:**

nystateofhealth.ny.gov
1-855-355-5777 or TTY
1-800-662-1220

Si usted habla un idioma diferente al inglés, **los servicios de asistencia de idioma están disponibles gratis para usted. Llame al 1-855-355-5777 (TTY: 1-800-662-1220).**

如果您使用的語言不是英語，您可以使用我們的免費語言支援服務。請致電 1-855-355-5777 (TTY: 1-800-662-1220)

## کون سی چیزیں محیط ہیں؟

- مفت تدارکی نگہداشت
- داخلی مریض کی نگہداشت
- خارجی مریض کی خدمات
- زچگی اور نوزائیدہ کی نگہداشت
- ہنگامی خدمات
- لیب اور تصویر نگاری
- باز بحالی اور بحالی صحت سے متعلق خدمات
- نسخے والی دوائیں
- ذہنی صحت اور ممنوعات کے استعمال کے عارضے کی خدمات
- تندرستی اور دیرینہ مرض کے نظم و نسق سے متعلق خدمات
- بچوں کے لیے ڈینٹل اور بینائی
  *بالغوں کے لیے ڈینٹل اور دیگر مراعات بھی کچھ پلانز کے ذریعے محیط ہو سکتے ہیں۔*

## کون اہل ہے؟

**وہ افراد جو:**

- نیو یارک اسٹیٹ کے باشندے ہیں
- شہری اور قانونی طور پر موجود درخواست دہندگان
- Child Health Plus یا Essential Plan ،Medicaid کے لیے اہل نہیں ہیں

### *خوشخبری!*

**QHP میں مندرج اہل لوگوں کے لیے 2026 میں خرچ کی مسلسل بچت دستیاب ہے**

- $54,775 سے کم آمدنی والے افراد اب "سلور سپریم" کے ذریعے لاگت میں کمتر حصہ داری کے لیے اہل ہیں اور $62,600 سے کم آمدنی والے افراد اب "سلور انہینسڈ" کے ذریعے لاگت میں کمتر حصہ داری کے لیے اہل ہیں۔
- ذیابیطس کے مدنظر بیشتر خدمات کے لیے $0 فاضل لاگتیں۔ اس کا اطلاق غیر ہسپتال پر مبنی تدارکی ذیابیطس سے متعلق خدمالت، رسد اور نسخے والی دواؤں پر ہوتا ہے۔
- قبل از ولادت اور بعد از ولادت بیشتر خدمات کے لیے $0 فاضل لاگتیں۔ اس کا اطلاق نسخے والی دواؤں، ذہنی صحت، ممنوعات کے استعمال سے متعلق مراعات، ابتدائی نگہداشت اور اسپیشلسٹ کے ساتھ کچھ ملاقاتوں پر ہوتا ہے۔

2026 کے لیے لاگت بچتوں سے متعلق مزید معلومات اس پر مل سکتی ہیں:
https://info.nystateofhealth.ny.gov/costsavings

NY State of Health قابل اطلاق وفاقی دیوانی حقوق کے قوانین اور ریاستی قوانین کی تعمیل کرتا ہے، اور نسل، رنگ، قومی بنیاد، مسلک/مذہب، جنس، عمر ازدواجی/کنبہ جاتی حیثیت، گرفتاری کے ریکارڈ، مجرمانہ سزا یابی (سزا یابیوں)، صنفی شناخت، صنفی رجحان، ثانوی جینیاتی خصوصیات، فوجی حیثیت، خانگی تشدد کے متاثر کی حیثیت اور/یا انتقام کی بنیاد پر امتیازی سلوک نہیں کرتا ہے۔

# QUALIFIED HEALTH PLAN (QHP) پلان پر کتنی لاگت آتی ہے؟

**ماہانہ پریمیئمز:** آپ ہر مہینے جتنی رقم ادا کریں گے اس کا انحصار آپ کے منتخب کردہ پلان پر ہوگا۔ بیشتر افراد ان ٹیکس کریڈٹس کے لیے اہل ہیں جو آپ کی ماہانہ لاگت کو کم کرتے ہیں۔ ٹیکس کریڈٹس کا حساب آپ کی آمدنی، گھرانہ کے سائز اور آپ کے جائے قیام کی بنیاد پر کیا جاتا ہے۔

**لاگت میں حصہ داری:** وہ رقم جو آپ خدمات تک رسائی حاصل کرتے وقت ادا کرتے ہیں۔ بیشتر افراد آمدنی کی بنیاد پر یہ لاگتیں ادا کرنے میں مدد پانے کے اہل ہیں۔ ذیل میں چاروں درجوں میں پیش کردہ معیاری پلانز کے لیے QHP کی لاگت میں حصہ داری کی مثالیں ہیں۔ دیگر دستیاب پلانز میں مختلف لاگت کی حصہ داری ہے اور مزید خدمات محیط ہیں۔

| نگہداشت صحت کی خدمات کے لیے لاگت میں حصہ داری | پلاٹینم | گولڈ | سلور | سلور انہینسڈ** | سلور سپریم*** | برونز |
|---|---|---|---|---|---|---|
| سالانہ کٹوتی | $0 | $775 | $2,450 | $2,160 | $450 | $4,125 |
| تدارکی نگہداشت | مفت | مفت | مفت | مفت | مفت | مفت |
| بنیادی نگہداشت کے معالج سے ملاقات* | $15 | $25 | $30 | $30 | $15 | $50 |
| اسپیشلسٹ سے ملاقات* | $35 | $40 | $65 | $65 | $35 | $75 |
| داخلی مریض کا ہسپتال میں قیام فی داخلہ | $500 | $1,000 | $1,500 | $1,500 | $250 | $1,500 |
| رویہ جاتی صحت کے لیے بیرونی مریض کی ملاقات* | $15 | $25 | $30 | $30 | $15 | $50 |
| رویہ جاتی صحت کے لیے مریض کی ملاقات فی داخلہ | $500 | $1,000 | $1,500 | $1,500 | $250 | $1,500 |
| ایمرجنسی روم | $100 | $150 | $500 | $275 | $75 | $500 |
| فوری نگہداشت | $55 | $60 | $70 | $70 | $50 | $75 |
| فزیکل تھیراپی، اسپیچ تھیراپی، آکیوپیشنل تھیراپی | $25 | $30 | $30 | $30 | $25 | $50 |

| نسخہ والی دواؤں کے لیے لاگت میں حصہ داری | پلاٹینم | گولڈ | سلور | سلور انہینسڈ | سلور سپریم | برونز |
|---|---|---|---|---|---|---|
| جینرک | $10 | $10 | $15 | $15 | $9 | $10 |
| ترجیحی برانڈ | $30 | $35 | $40 | $40 | $20 | $35 |
| غیر ترجیحی برانڈ | $60 | $70 | $75 | $75 | $40 | $70 |

* تمام اسٹینڈرڈ سلور پلانز ابتدائی نگہداشت فراہم کنندہ (primary care provider, PCP) یا اسپیشلسٹ کے پاس ایک ملاقات کی سہولت دیتے ہیں جو کٹوتی کے ساتھ مشروط نہیں ہوتی ہیں؛ ان ملاقاتوں کے لیے مشترک ادائیگیاں قابل اطلاق ہیں۔ اس میں باہری مریض کی برتاؤ سے ملاقاتیں شامل ہیں

* تمام اسٹینڈرڈ برونز پروڈکٹس میں مشترک ادائیگیوں کے ساتھ مشروط تین (3) ملاقاتیں شامل ہیں، لیکن یہ کٹوتی کے ساتھ مشروط ہوتی ہیں۔ تباہی سے متعلق پرڈکٹس میں فی تقویمی سال ابتدائی نگہداشت کی تین (3) ملاقاتیں شامل ہیں جو کٹوتی کے ساتھ مشروط نہیں ہوتی ہیں اوراس میں کوئی مشترک ادائیگی نہیں ہوتی ہے۔ اسٹینڈرڈ برونز اور تباہی سے متعلق پروڈکٹس میں محیط تینوں ملاقاتیں یا تو ابتدائی نگہداشت یا اسپیشلسٹ بشمول ذہنی صحت اور مادہ کے استعمال کے عارضہ سے متعلق ملاقاتیں ہو سکتی ہیں۔

** سلور انہینسڈ – $54,775 سے $62,600 کے بیچ آمدنی والے افراد، یا $112,525 سے $128,600 کے بیچ آمدنی والی چار افراد کی فیملی ان پلانز میں اندراج کروانے کے اہل ہیں۔

*** سلور پریمیم– $54,775 تک کی آمدنی والے افراد یا $112,525 تک کی آمدنی والی چار افراد کی فیملی ان پلانز میں اندراج کرانے کی اہل ہے۔